شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 اگست 2023ء

پریس ریلیز

افغان طالبان کا استقامت اور کامیابی سے دو سال مکمل کرنا قابلِ صد ستائش ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): امارات اسلامیہ افغانستان پر طالبان کی اسلامی حکومت کی دو سالہ مدت خوش اسلوبی سے مکمل ہونے پر امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے امیر المومنین افغانستان ہبۃ اللہ اخند زادہ اور دیگر قائدین کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ تنظیم اسلامی پاکستان کے وابستگان اور پاکستان کے عوام افغانستان کی سرزمین کو امریکہ سمیت دیگر طاغوتی طاقتوں سے اسلامی جہاد کے ذریعے آزادی دلانے اور ملک میں اسلامی وشرعی نظام کے قیام کے لیے بھرپور انداز میں کوشاں رہنے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو سال کی قلیل مدت میں افغانستان میں امن وامان کا قیام، خود انحصاری پر مبنی پالیسیوں کا اجراء اور اسلامی ممالک سے مضبوط اور برادرانہ تعلقات کے قیام پر مبنی پالیسی سے افغانستان سمیت پوری دنیا میں امن کی بحالی میں مدد ملے گی۔ امیر تنظیم اسلامی نے پاکستان سمیت تمام مسلم ممالک سے اور دنیا بھر کی علاقائی خود مختاری اور سلامتی کے بلند بانگ دعوے کرنے والی عالمی برادری سے اپیل کی کہ امارتِ اسلامیہ افغانستان کی نمائندہ اور حقیقی حکومت کو تسلیم کریں بلکہ چار دھائیوں سے تباہ حال افغانستان کی تعمیر وترقی کی کوششوں میں افغان حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری ماضی کی غلطیوں کا اعتراف وادراک کرتے ہوئے افغانستان کے عوام کی اسلامی شناخت وپہچان کو تسلیم کرتے ہوئے امارتِ اسلامیہ افغانستان کی جانب سے جاری تعمیر نو کی مخلصانہ کوششوں میں بھرپور تعاون کرے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 16 August 2023

"The Afghan Taliban's completion of two years in power with steadfastness and success is highly commendable."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Congratulating the Ameer-ul-Mumineen of Afghanistan, Hiibatullah Akhundzada, alongside other leaders upon the remarkable completion of the two-year period of the Taliban's Islamic governance over the Islamic Emirates of Afghanistan, the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, said that those attached to Tanzeem-e-Islami Pakistan, as well as the Pakistani public, welcome the liberation of Afghanistan's soil from the evil of the U.S., alongside other tyrannical and godless forces through the process of Jihad, and the fervent efforts made for the implementation of the Islamic Shariah in the country. He said that within the short-span of two years, Afghanistan is now experiencing relative peace. Afghanistan's policies of self-reliance and the development of strong and abetting relations with Muslim countries are a breath of fresh air for our region. The Ameer of Tanzeem-e-Islami appealed to Pakistan and the Muslim countries, along with the global powers which claim to be the champions of regional sovereignty and security, to accept the true and representative government of the Islamic Emirate of Afghanistan and also lend full support to the Afghan government in their efforts for the reconstruction and prosperity of Afghanistan, a country that has faced relentless destruction in the past four decades. He said that the international community should rectify their past mistakes by recognizing the Islamic identity of the Afghan public and fully help the Islamic Emirate of Afghanistan in their genuine efforts for rebuilding their country.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan